روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 5 اگست 2005ء 28 جمادی الثانی 1426 ہجری 5 ظہور 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 176

ثواب میں کمی نہیں ہوتی

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

جو شخص نیک کام اور ہدایت کی طرف بلاتا ہے اس کو اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا ثواب اس بات پر عمل کرنے والے کو ملتا ہے اور ان کے ثواب میں سے کچھ بھی کم نہیں ہوتا اور جو شخص کسی گمراہی اور برائی کی طرف بلاتا ہے اس کو بھی اسی قدر گناہ ہوتا ہے جس قدر اس برائی کے کرنے والے کو ہوتا ہے اور اس کے گناہ میں کوئی کمی نہیں آتی۔

(صحیح مسلم کتاب العلم باب من سن حسنه او سيئة حديث نمبر: 4831)

جلسہ سالانہ برطانیہ کے دوسرے دن حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا خطاب 30 جولائی 2005ء

دنیا کے 181 ممالک میں جماعت احمدیہ کا پودا لگ چکا ہے

پرانی بیعتوں سے رابطے، امسال 985 نئے علاقوں میں جماعت کا نفوذ، 319 نئی بیوت الذکر،

189 دعوت الی اللہ کے مراکز، 2 زبانوں میں تراجم قرآن، 257 نمائشوں اور 755 بک سٹالز کے ذریعہ پیغام حق

جماعت احمدیہ برطانیہ کے 39 ویں جلسہ سالانہ کے دوسرے دن 30 جولائی 2005ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا جس میں آپ نے دوران سال جماعت احمدیہ پر ہونے والے افضال الٰہی کے نظاروں اور تائید الٰہی کے واقعات کا ایمان افروز تذکرہ کیا اور مختلف شعبہ جات میں جماعت احمدیہ عالمگیر کی ترقیات کا جائزہ پیش فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا دوران سال جماعت پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی جو بارش ہوتی ہے آج کے دن کی تقریر میں اس کا ذکر کیا جاتا ہے۔ اللہ کے حضور جھکتے ہوئے ہمیشہ یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنے فضلوں کو جاری رکھے اور حضرت اقدس مسیح موعود کو دی گئی خوشخبریوں کو پورا ہوتا ہوا ہمیں بھی دکھائے۔ حضور انور نے فرمایا اب ان افضال میں سے کچھ کا میں ذکر کرتا ہوں۔

نئے ممالک میں نفوذ

پہلے میں نئے ممالک میں جماعت احمدیہ کے نفوذ کو لیتا ہوں۔ اس سال اب تک اللہ تعالیٰ کے فضل سے 181 ممالک میں جماعت احمدیہ کا پودا لگ چکا ہے۔ 1984ء سے لے کر اب تک اللہ تعالیٰ نے 90 نئے ممالک میں احمدیت کا پیغام پہنچانے کی توفیق دی ہے۔ دوران سال جو تین ممالک جماعت میں شامل ہوئے ہیں ان میں جبرالٹر (Gibralter)، بہاماز (Bahamas)، سینٹ ونسنٹ (Saint Vincent) ہیں۔ جبرالٹر میں جماعت جرمنی کو پیغام پہنچانے کی توفیق ملی۔ جماعت احمدیہ امریکہ کو بہاماز میں احمدیت کا پودا لگانے کی توفیق ملی۔ یہ ملک 700 جزیروں پر مشتمل ہے۔ جزائر غرب الہند کے جزیرہ سینٹ ونسنٹ میں ٹرینیڈاڈ کی جماعت کو پیغام پہنچانے کی توفیق ملی۔ حضور انور نے ان ممالک میں احمدیت کے قائم ہونے کی بعض تفصیلات بھی بیان فرمائیں۔

پرانی بیعتوں سے رابطے

حضور انور نے فرمایا میں نے زور یہ دیا تھا کہ جو پرانی بیعتیں ہوئی ہیں ان سے رابطوں پہ زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے کیونکہ یہ بیعتیں کثیر تعداد میں اور وسیع علاقوں میں پھیلی ہوئی تھیں۔ وہاں بھی مختلف ممالک کی طرف سے وفود بھجوائے گئے اور رابطے زندہ کیے گئے۔

نئی جماعتوں کا قیام

اللہ کے فضل سے دنیا بھر میں پاکستان کے علاوہ نئی قائم ہونے والی جماعتوں کی تعداد 488 ہے۔ اس کے علاوہ اس سال 497 نئے مقامات پر پہلی بار احمدیت کا پودا لگا ہے یعنی اس سال مجموعی طور پر 985 نئے علاقوں میں احمدیت کا نفوذ ہوا ہے اور نئی جماعتوں کا قیام عمل میں آیا ہے۔ گزشتہ سال یہ تعداد 542 تھی۔ نئی جماعتوں کے قیام اور نفوذ میں سرفہرست ہندوستان ہے۔

بیوت الذکر کی تعمیر

نئی بیوت الذکر کی تعمیر اور جماعت کو عطا ہونے والی بیوت الذکر میں بہت وسعت اور پھیلاؤ پیدا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال جو بیوت تعمیر کرنے کی توفیق ملی جن میں بنی بنائی بھی شامل ہیں وہ 319 ہیں جن میں سے 184 نئی بیوت تعمیر ہوئی ہیں اور 135 بیوت بنی بنائی عطا ہوئی ہیں جبکہ گزشتہ سال 74 نئی بیوت تعمیر ہوئی تھیں اور 88 بنی بنائی عطا ہوئی تھیں۔ 1984ء سے لے کر اب تک 13 ہزار 776 بیوت کا اضافہ ہو چکا ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا خاص فضل یہ ہے کہ اس میں 11 ہزار 695 بیوت اماموں اور مقتدیوں سمیت اللہ تعالیٰ نے جماعت کو عطا کی ہیں۔ حضور انور نے مختلف ممالک میں بیوت الذکر کے منصوبوں کا تفصیلی ذکر فرمایا۔

دعوت الی اللہ کے مراکز

دوران سال دعوت الی اللہ کے مراکز میں 189 کا اضافہ ہوا ہے اور گزشتہ سالوں کو شامل کر کے 85 ممالک میں ان مراکز کی کل تعداد 1587 ہو چکی ہے۔

تراجم قرآن کریم

گزشتہ سال تک مطبوعہ تراجم قرآن کریم کی تعداد 58 تھی۔ اس سال اللہ کے فضل سے دو نئے تراجم کا اضافہ ہوا ہے۔ ان زبانوں میں پہلی کریول ماریشس کی زبان ہے اور دوسرا ترجمہ ازبک زبان میں ہے۔ تراجم کی کل تعداد اب 60 ہوگئی ہے۔ 21 زبانوں میں تراجم مکمل ہو چکے ہیں لیکن ان پر ابھی نظر ثانی ہو رہی ہے۔ حضور انور نے مختلف تفاسیر کی اشاعت کے بارے میں آگاہ فرمایا۔

(باقی صفحہ 2 پر)

داخلہ معلمین کلاس

معلمین کلاس وقف جدید میں داخلہ کیلئے تحریری امتحان و انٹرویو مورخہ 15۔اگست 2005ء بوقت 8:00 بجے صبح دفتر وقف جدید میں ہوگا۔

☆ داخلہ کیلئے میٹرک پاس کیلئے کم از کم C گریڈ سیکنڈ ڈویژن جبکہ ایف اے / ایف ایس سی کیلئے کم از کم D گریڈ ہونا لازمی ہے۔

☆ میٹرک پاس کیلئے زیادہ سے زیادہ عمر 20 سال اور ایف اے / ایف ایس سی پاس کیلئے 22 سال ہے۔

☆ انٹرویو کے وقت اصل سند ہمراہ لائیں۔ درخواست دہندگان میٹرک کے نتیجہ کا رزلٹ کارڈ / سند کی فوٹو کاپی فوری طور پر ارسال کریں۔

☆ کسی امیدوار کو نتیجہ کی اطلاع دینے کے بعد بھی انٹرویو کیلئے تفصیلی چٹھی نہ ملے اور وہ مندرجہ بالا شرائط کو پورا کرتے ہوں تو وہ بھی انٹرویو کیلئے مقررہ وقت پر تشریف لے آویں اور آنے سے پہلے فون / فیکس یا تحریری طور پر اطلاع کر دیں۔

خط و کتابت کرتے وقت شعبہ ارشاد وقف جدید کی سابقہ چٹھی کے نمبر اور تاریخ کا حوالہ ضرور دیں اور اپنا مکمل پتہ لکھیں۔

(ناظم ارشاد وقف جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

فون :047-6212968 فیکس 047-6214329

یتامیٰ کی خبر گیری

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت میں یتامیٰ کی خبر گیری کا بڑا اچھا انتظام موجود ہے۔ مرکزی طور پر بھی انتظام جاری ہے گو اس کا نام یکصد یتامیٰ کی تحریک ہے لیکن اس کے تحت سینکڑوں یتامیٰ بالغ ہو کر پڑھائی مکمل کر کے کام پر لگ جانے تک ان کو پوری طرح سنبھالا گیا۔ اسی طرح لڑکیوں کی شادی تک کے اخراجات پورے کیے جاتے رہے اور کیے جا رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت اس میں دل کھول کر امداد کرتی ہے۔ (الفضل 19 نومبر 2004ء)

(دوسرے دن کا خطاب بقیہ از صفحہ 1)

کتب و فولڈرز

18 زبانوں میں 58 کتب اور فولڈرز تیار کروائے گئے ہیں۔ اس وقت 27 زبانوں میں 151 فولڈرز تیار کروائے جا رہے ہیں۔ اسلامی اصول کی فلاسفی 53 زبانوں میں چھپ چکی ہے اور 4 مزید زبانوں میں اس کا ترجمہ کروایا جا رہا ہے۔ رسالہ الوصیت 9 زبانوں میں طبع ہو چکا ہے اس کا مزید 21 زبانوں میں ترجمہ کا پروگرام ہے۔

دوران سال طبع ہونے والی نئی کتب کے بارے میں حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کی عربی کتب کو علیحدہ طبع کرانے اور عربی سے ترجمہ کرنے کا پروگرام ہے۔ انگریزی میں ترجمہ ہو کر شائع ہونے والی کتب اور بچوں کے لیے انگریزی زبان میں چھپنے والی کتب کا بھی حضور انور نے تذکرہ فرمایا۔ طاہر فاؤنڈیشن کے تحت خطبات طاہر کی تین جلدیں شائع ہو گئی ہیں۔ حضور انور نے انگریزی اور عربی میں شائع ہونے والے رسائل کا تذکرہ فرمایا اور ان کی خریداری بڑھانے کی طرف توجہ دلائی۔

نمائشیں اور بک سٹالز

جماعت کے تعارف کے لیے لگنے والی نمائشوں کی اس سال تعداد 257 ہے۔ جن کے ذریعہ اندازاً پانچ لاکھ سے زائد افراد تک پیغام پہنچا۔ اس سلسلہ میں انڈیا، ہالینڈ، کینیڈا، امریکہ اور یوکے نے نمایاں کام کیا ہے۔ اس سال 2 ہزار 755 بک سٹالز اور بک فیئرز میں جماعت نے حصہ لیا اور 19 لاکھ افراد تک جماعت کا پیغام پہنچا۔

پریس سیکشن

رقیم پریس اسلام آباد برطانیہ کے علاوہ افریقہ کے 6 ممالک میں بھی کام کر رہا ہے جن میں گھانا، نائیجیریا، تنزانیہ، سیرالیون، آئیوری کوسٹ اور گیمبیا شامل ہیں۔ جماعتی لٹریچر میں ان کی وجہ سے اضافہ ہو رہا ہے اور لکھو کھہا لٹریچر چھپتا ہے۔ یہاں سے اس سال 2 لاکھ 11 ہزار کی تعداد میں لٹریچر شائع ہوا۔ افریقن ممالک سے جو مختلف کتابیں وغیرہ شائع ہوئیں ان کی تعداد 3 لاکھ 9 ہزار 500 تھی۔ اخبارات، فولڈرز اور چھوٹے لٹریچر اس کے علاوہ ہیں۔

انٹرنیٹ پر کتب کی فراہمی

عربی میں 13 کتب اور پمفلٹس انٹرنیٹ پر دیے جا چکے ہیں۔ عربی زبان میں جماعت کی پہلی ویب سائٹ شروع ہوئی ہے جو جماعت کبابیر نے بڑی محنت سے تیار کی ہے۔ بعدہ حضور انور نے فرانسیسی، بنگلہ اور چینی ڈیسک کی کارکردگی بھی بیان فرمائی۔

مجلس نصرت جہاں کے کام

مجلس نصرت جہاں کے تحت افریقہ کے 12 ممالک میں ہمارے 37 ہسپتال اور کلینکس کام کر رہے ہیں اور 465 ہائر سیکنڈری سکولز اور جونیئر سیکنڈری سکولز کام کر رہے ہے۔ حضور انور نے مجلس نصرت جہاں کے تحت کام کرنے والے ہسپتالوں میں بعض ایمان افروز واقعات کا ذکر فرمایا۔

پریس اینڈ پبلیکیشنز

پریس اینڈ پبلیکیشنز سیکشن کے تحت وقتاً فوقتاً جو اعتراضات مخالفین کے آتے ہیں ان کا اخباروں میں جواب دیا جاتا ہے۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھا کام ہو رہا ہے۔

ایم ٹی اے کی نشریات

حضور انور نے فرمایا ایم ٹی اے کی نشریات میرے دوروں کی وجہ سے مختلف ممالک سے براہ راست بھی آنی شروع ہو گئی ہیں۔ پہلے یہ تصور نہیں تھا۔ ایم ٹی اے کے 13 شعبہ جات میں 99 مرد اور 39 خواتین ہیں۔ ان میں اکثریت رضاکاروں کی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑی خوش اسلوبی سے سارا کام چلا رہے ہیں۔ دیگر ٹیلی ویژن چینلز پر ایک ہزار 86 ٹی وی پروگرامز کے ذریعہ 805 گھنٹے کا جماعت کو وقت ملا اور اندازہ ہے یہ پروگرامز 7 کروڑ سے زائد افراد نے دیکھے۔ حضور نے آخری دن کے خطاب میں فرمایا کہ اب ایم ٹی اے کی نشریات موبائل فون پر بھی دستیاب ہیں۔

تحریک وقف نو

تحریک وقف نو میں اس سال غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ 3 ہزار 689 نئے واقفین نو آئے ہیں اور اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان واقفین نو کی تعداد 30 ہزار سے اوپر ہو گئی ہے۔ لڑکوں کی تعداد 19 ہزار 700 اور لڑکیوں کی تعداد 10 ہزار 200 ہے۔

خدمت خلق کے امور

نادار، ضرورتمندوں اور مریضوں کی امداد کے تحت افریقہ اور بنگلہ دیش میں کافی کام ہوا ہے۔ افریقہ میں جہاں میڈیکل کیمپس لگائے گئے ہیں وہاں تقریباً 40 ہزار سے زیادہ مریضوں کا علاج کیا گیا۔ 3 لاکھ سے زائد لوگوں کو خوراک مہیا کی گئی۔ جیلوں میں امداد، خون کی بوتلوں کی فراہمی اور بے تحاشہ کام سرانجام دیے گئے۔

ہومیو پیتھی

ہومیو پیتھی کے ذریعہ سے بھی اللہ تعالیٰ کافی خدمت کی توفیق دے رہا ہے۔ 55 ممالک میں ہمارے کلینک قائم ہیں اور ان کی تعداد 650 سے بڑھ چکی ہے۔ طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک لاکھ 2 ہزار سے زائد مریضوں کا علاج کیا گیا جن میں سے 40 ہزار سے زائد غیر از جماعت تھے۔

ہیومینیٹی فرسٹ

خدمت انسانیت کے ادارہ ہیومینیٹی فرسٹ نے اللہ کے فضل سے سونامی کے موقع پر کافی کام کیا ہے انڈونیشیا، انڈیا اور سری لنکا میں تقریباً 9 لاکھ ڈالرز اکٹھے کر کے خرچ کیے گئے۔ سونامی کے بعد ایسے لنگر جاری کیے گئے جن میں 40 خدام ڈیڑھ ماہ کے لیے 850 افراد کو تین اوقات کا کھانا کھلاتے رہے۔ یو۔کے سے بھی کنٹینر (Container) لوڈ کر کے بھجوائے گئے۔ 2 لاکھ 85 ہزار کلوگرام کا سامان بھجوایا گیا۔ جس میں خوراک، ادویات، کپڑے، بستر اور ٹینٹ وغیرہ شامل تھے۔ انڈونیشیا میں 8 ڈاکٹرز اور 9 مددگار سٹاف نے طبی سہولتیں بہم پہنچائیں پھر 16 ڈاکٹرز دوبارہ گئے۔ 4 ڈاکٹرز امریکہ سے گئے ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت ہی 43 مچھیروں کو نئی یا مرمت شدہ کشتیاں دی گئیں۔ جن کی کشتیاں ٹوٹ گئی تھیں یا بہہ گئی تھیں۔ سکولوں کی مرمت کا کام ہوا۔ 400 طلباء کو انڈونیشیا میں کتابیں دی گئیں۔ اسی طرح بہت سی جگہوں پر ہسپتالوں کو سامان دیا گیا۔ مچھیروں اور زمینداروں کو سامان دیا گیا۔ مکانوں کی مرمت کروائی گئی۔ اس سلسلہ میں کافی کام ہوا ہے۔ پھر اس کے تحت صحارا ڈیزرٹ کے قریب ڈیڑھ سوٹن خوراک فراہم کی گئی۔ مالی میں 30 ٹن کے قریب خوراک مہیا کی، یوگنڈا کے بعض علاقوں میں 10 ٹن سامان کھانے کا دیا گیا۔ اس کے علاوہ نلکوں اور کنوؤں کے ذریعہ پانی مہیا کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔

احمدیہ ویب سائٹ

احمدیہ ویب سائٹ کو ہر مہینے 2.2 ملین (تقریباً 22 لاکھ افراد) وزٹ کرتے ہیں اور اسی طرح آن لائن لائبریری اور خطبات وغیرہ بھی اس پر آچکے ہیں۔

احمدی انجینئرز کی خدمات

فرمایا احمدیہ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز یو۔کے کو میں نے کہا تھا کہ غریب ملکوں میں کم قیمت پر بجلی کا کوئی پروگرام یا متبادل نظام رائج کریں اور پھر پینے کے صاف پانی کے لیے اور عمارتوں کے ڈیزائن کے لیے کچھ کام کریں۔ اس سلسلہ میں یورپین چیپٹر نے بہت کام کیا ہے اور چین وغیرہ سے سامان خرید کر افریقہ کے ملکوں میں بھجوایا گیا۔ اس سسٹم کو اب وہاں جاری کیا جائے گا۔ اس سسٹم کو خریدنے کے لیے انہوں نے 200 کمپنیوں سے رابطے کیے تھے اور چائنا اور ہانگ کانگ کے تین دورے کیے۔ پائلٹ پروجیکٹ کے لیے سسٹم خریدے گئے۔ اب پروگرام کے مطابق ستمبر کے مہینہ میں کم از کم 10 سسٹم گھانا اور بورکینا فاسو میں لگائے جائیں گے جو بجلی پیدا کرنے اور پانی کے لیے ہوں گے۔ اسی طرح دور دراز علاقوں میں بھی جہاں بجلی اور پانی نہیں ہے۔ ان کو بھی یہ سہولتیں احمدی انجینئرز کی وجہ سے میسر آجائیں گی۔

بیعتوں کی صورتحال

اس دفعہ نائیجیریا کی بیعتیں سب سے زیادہ ہوئی ہیں یعنی ایک لاکھ بارہ ہزار سے زائد۔ 31 اماموں نے احمدیت قبول کی ہے۔ 122 نئی جگہوں پر احمدیت کا نفوذ ہوا ہے۔ اسی طرح حضور انور نے دیگر ممالک میں بیعتوں کی تعداد اور بعض ایمان افروز واقعات کا ذکر فرمایا۔ حضور نے اس سال کی بیعتوں کی کل تعداد 2 لاکھ 9 ہزار 799 بتائی۔

نظام وصیت

فرمایا میں نے گزشتہ سال نظام وصیت میں 15 ہزار احباب کے شامل ہونے کی تحریک کی تھی تو اللہ کے فضل سے اب تک 16 ہزار 148 احباب نے وصیت کی درخواستیں جمع کرا دی ہیں۔

برطانیہ میں خریدی جانے والی زمین

حضور انور نے فرمایا کہ گزشتہ سے پیوستہ جمعہ کو میں نے کہا تھا کہ جماعت احمدیہ برطانیہ کو اسلام آباد میں جلسے کی جگہ کی تنگی ہے، نئی جگہ لے رہے ہیں۔ ان کو اب اپنی زمین لینی چاہیے۔ آج میں سب کو بتا دوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کو 208 ایکڑ رقبے پر مشتمل تقریباً 25 لاکھ پونڈ میں زمین مل رہی ہے۔ اسلام آباد سے یہ 11 میل کے فاصلے پر ہے۔ یہ علاقہ جس پر جلسہ ہو رہا ہے تقریباً 120 ایکڑ رقبہ پر ہے جو کرائے پر لیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے تقریباً اس سے دوگنا خریدنے کی توفیق عطا فرما دی ہے۔ الحمدللہ۔ اور یہ رقبہ جو خریدا جا رہا ہے اس پر کچھ عمارات اور شیڈ بھی بنے ہوئے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا باقی دنیا کو میں کہتا ہوں کہ جس حد تک سہولت سے وہ اس میں حصہ ڈال سکتے ہیں ضرور ڈالیں۔ جماعت نے اس سے پہلے اتنا رقبہ نہیں خریدا۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو توفیق دے، مالی وسعت اور کشائش پیدا کرے اور حصہ لینے والوں کے اموال ونفوس میں برکت ڈالے۔

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کا جماعتی ترقی کے حوالے سے ایک اقتباس پیش فرمایا۔

حضور انور نے آخر پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جو ہمیں کامیابیاں عطا فرما رہا ہے ان میں ہمیشہ اضافہ فرماتا رہے اور اپنی رضا کی راہوں پر ہمیں چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

تبرکات .... حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب

تقویٰ کی باریک راہیں

ایک (مومن) کے لئے پہلا ابتدائی راستہ خداتعالیٰ سے ملنے کا جو شریعت نے تجویز کیا ہے وہ تقویٰ ہے۔یعنی خدا کے خوف کی وجہ سے گناہوں سے بچتے رہنا۔اس سے اگلا اور اعلیٰ راستہ محسن بننے کا ہے۔ یعنی وہ طریقہ جس میں خداتعالیٰ کی محبت اور عشق کی وجہ سے مومن نیکیوں میں ترقی کرتا ہے۔ یہ تقویٰ کا لفظ ہماری جماعت کے بچہ بچہ کی زبان سے سنا جاتا ہے کیونکہ یہ احمدی جماعت کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت ہے اور بغور دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ واقعی یہ جنس گراں قدر اور دنیا میں آج کل اور کسی جگہ دستیاب نہیں ہوسکتی۔مگر باوجود اس لفظ کے کثرت استعمال اور کثرت تذکیر کے پھر بھی جو حق اس کے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کا تھا وہ ادا نہیں ہوا اور تقویٰ کی باریک راہوں کا تو کیا ذکر اس کی شاہراہ اور موٹی موٹی راہوں سے بھی بعض لوگ ناواقف نظر آتے ہیں اور یہ صرف اس لئے کہ اجمال تو موجود ہے مگر تفصیل کا علم نہیں ہوا۔ کیوں نصیب نہیں ہوا اس لئے کہ حضرت خلیفۃ المسیح کی صحبت زیادہ نہیں ملی۔اور ان مقدس لوگوں کے طریق عمل کو غور سے نہیں دیکھا گیا۔اور احمدیت کے لئے صرف بیعت کے ایک خط یا قدرے لٹریچر کے مطالعہ کو مکتفی سمجھ لیا گیا۔اور زیادہ سے زیادہ، جلسہ اور کانفرنس پر حاضر ہونا بالکل کافی خیال کر لیا گیا۔ برخلاف اس کے جس کو یہ سعادت صحبت حاصل ہوگئی۔اس پر تو پھر خود بخود معرفت کے دروازے کھلنے شروع ہو جاتے ہیں۔اور تقویٰ کی موٹی راہوں کے طے کرنے کے بعد باریک راہوں کے لئے اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کو براہ راست اپنی تربیت میں لے لیتا ہے۔اور ہر ایک نور معرفت اور علم لدنی ہر ضروری امر کے متعلق ان کے دل و دماغ میں آسمان کی طرف سے جاری ہو جاتی ہے۔اور جو امر خلاف تقویٰ ہوتا ہے اس سے انہیں روک دیا جاتا ہے۔اور جو موافق تقویٰ ہوتا ہے۔اس کی تحریص یا اجازت مل جاتی ہے۔اس وقت بندہ کی حالت اس دنیا سے اتنی ارفع اور بلند ہو جاتی ہے۔کہ دنیا کی عقلوں میں جو اعمال یا خیالات معمولی یا بے ضرر ہوتے ہیں۔ وہ ان میں خطرہ اور ہلاکت دیکھتا ہے۔ اس کی دو کی جگہ چار آنکھیں ہو جاتی ہیں۔اور جو بات عوام کے لئے نیکی ہوتی ہے۔ وہ اس کے لئے بعض اوقات بدی میں داخل ہو جاتی ہے۔اور ایسی نمائشی نیکی سے وہ اسی طرح بچتا ہے۔جس طرح عام لوگ گناہ سے پرہیز کرتے ہیں۔ اور اس وقت وہ شخص اس بابرکت وجود کی ظلیت میں داخل ہو جاتا ہے۔جس نے دعوے کیا تھا کہ ع

من تربیت پذیر ز رب مہیمن ام

تقویٰ کی باریک راہوں پر عمل کرنے کے معنی

اب میں اصلی مطلب کی طرف آتا ہوں وہ یہ کہ مثالوں سے تقویٰ کی بعض باریک باتوں کا ذکر کر دوں۔جن سے شائقین کو کچھ علم اس راہ کا ہو۔حقیقتاً یہ باتیں بہت باریک نہیں۔مگر مبتدیوں کے سمجھنے کے لئے میں ان کو باریک ہی کہوں گا۔کیونکہ موٹے گناہ تو عموماً قتل چوری اور زنا اور جھوٹ ہی سمجھتے ہیں۔حالانکہ اوپر چل کر خود انہی گناہوں کی اتنی قسمیں اور اتنی شاخیں ہو جاتی ہیں کہ عام آدمی ان کو تمیز نہیں کر سکتا۔ کہ یہ کوئی گناہ بھی ہے یا نہیں۔ کیونکہ باریک در باریک قسمیں انہی باتوں کی دنیا میں اس قدر رائج ہوگئی ہیں کہ سوسائٹی میں ان کو کوئی معیوب بات خیال ہی نہیں کیا جاتا۔ بلکہ وہی شخص عقلمند، زیرک اور دور اندیش مشہور ہو جاتا ہے۔ جو ایسے باریک گناہ دل کھول کر کرتا ہے اور ایسے ایسے طریقے ایجاد کرتا رہتا ہے کہ وہ ان پر زیادہ سے زیادہ کامیابی سے عمل کر سکے۔قرآن مجید نے گناہوں کی ان باریک قسموں کی طرف کنایتاً ایک اشارہ کیا ہے۔ چنانچہ ایک جگہ فرماتا ہے۔نہ صرف ظاہری فحشاء سے بچو بلکہ ان بے حیائیوں سے بھی بچتے رہو۔ جو باریک اور مخفی اور دل کے اندر کے خانوں میں چھپی ہوئی ہوتی ہیں۔ چنانچہ جس طرح کسی کے ہاں نقب لگا کر اس کا زیور نکال لینا چوری کہلاتا ہے اسی طرح ایک احمدی طالب علم کے نزدیک امتحان کے پرچہ میں نقل کر لینا بھی چوری ہے اور جس طرح رسہ گلے میں ڈال کر پھانسی سے مرجانا خودکشی ہے۔اسی طرح ایک احمدی متقی بیمار کے نزدیک غذا کی ایسی بدپرہیزی کر لینا جس سے بیماری کے بڑھ جانے کا یقینی خطرہ ہو ایک قسم کی خودکشی ہے۔علیٰ ہذا القیاس۔

اگر زنا کرنا ایک موٹے فہم کے (مومن) کے نزدیک الٰہی نافرمانی ہے تو ایک احمدی نوجوان کے نزدیک علاوہ حلال اور جائز طریقہ کے کسی اور طرح سے اپنی شہوات کو پورا کرنا بھی زنا کے حکم میں داخل ہے پس تقویٰ کی باریک راہوں پر عمل کرنے کے یہ معنے ہوں گے کہ ان گناہوں کو اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کے خوف کی وجہ سے چھوڑ دینا جو زیادہ باریک بین اور سرسری اور موٹی نظر والوں یا اہل ظاہر کو نظر نہیں آتے۔ اور جن کی بابت دنیا عقل تو مجاز کا فتویٰ دے سکتی ہے مگر متقی کا ضمیر ان کی اجازت ہرگز نہیں دے سکتا۔

یاد رہے کہ یہ باتیں عام لوگوں کو صرف اتنا بتا دینے سے سمجھ میں نہیں آ جاتیں کہ تم قتل نہ کرو۔ چوری نہ کرو۔ زنا نہ کرو اور جھوٹ نہ بولو۔ بلکہ اس وقت سمجھ میں آتی ہیں جب کچھ باریک تفاصیل بھی ان کو سمجھائی جائیں۔ کیونکہ جس قدر علم انسان کے دماغ میں امثلہ اور تفاصیل سے داخل ہوتا ہے اتنا کبھی مجمل بیانات سے داخل نہیں ہوسکتا یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں ایک ہی بات کو کئی کئی پیرایوں میں اور نئے نئے سیاق و سباق کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور اس کی مختلف شاخوں کو مختلف طریقوں سے واضح کیا گیا ہے۔

اس تمہید کے بعد اب میں چند نمونے متقیانہ افعال و اعمال کے بیان کرتا ہوں اور مزید تفاصیل خود ناظرین کے اپنے غور و فکر کے لئے چھوڑ دیتا ہوں۔

پہلی مثال

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایک دفعہ کشمیر تشریف لے گئے۔ ریچھ مارنے کا لائسنس لیا ہوا تھا۔ دوران سفر میں ایک ایسی جگہ فروکش ہوئے جہاں احمدیوں کی آبادی تھی۔ وہاں حضور شکار کے لئے ایک پہاڑی جنگل میں داخل ہوئے۔لوگوں نے ہانکا شروع کیا۔ ایک مشک والا ہرن ہانکے سے نکلا اور بالکل سامنے آ کر کھڑا ہوگیا۔رائفل حضور کے کندھے کے ساتھ لگی ہوئی تھی۔اور نالی شکار کی طرف ہمراہی بے قرار تھے کہ ایسا عجیب نایاب شکار سامنے کھڑا ہوا ہے کیوں نہیں فائر کیا جاتا۔حضور نے یکدم رائفل نیچے کر دی۔ وہ ہرن بھاگ گیا۔فرمایا کہ اس کا خاص لائسنس نہ ہونے کی وجہ سے میرے لئے اس پہ فائر کرنا جائز نہ تھا گھر واپس ہونے پر بعض لوگ جو ساتھ تھے کہنے لگے کیسا عمدہ شکار سامنے آیا تھا ہم تو کبھی ایسے عمدہ شکار کو نہیں چھوڑا کرتے اگر ایسی احتیاطیں کرنے لگیں تو بس شکار ہو چکا۔مگر ان بچاروں کو معلوم نہ تھا کہ اگر ایسی احتیاطیں نہ کی جائیں تو بس تقویٰ ہو چکا۔

دوسری مثال

میرے ایک بزرگ ہیں ان کے پاس رفتہ رفتہ نوے کے قریب کھوٹے روپے جمع ہو گئے جن میں کچھ تو ایسے کھوٹے تھے جن کا ایک حصہ چاندی کی وجہ سے قابل فروخت تھا اور کچھ ایسے تھے جو محض مصنوعی اور ناکارہ تھے۔ انہوں نے ناکارہ تو سب تالاب میں پھینکوا دیئے اور جو دوسرے تھے وہ بکنے بھیج دیئے اور لے جانے والے سے کہہ دیا کہ انہیں کسی سنار کے ہاتھ فروخت کر کے انہیں اپنے سامنے اسی سے کٹوا دینا تا کہ پھر بطور سکہ کے نہ چلائے جاسکیں سنار نے بات مان کر ان کو خرید لیا اور مقررہ قیمت ادا کر دی لیکن جب ان کے ملازم نے کاٹنے کا مطالبہ کیا تو سنار لڑنے لگا کہ جب میں نے مول لے لئے ہیں تو اب تمہارا کیا کام میں ان کو ثابت ہی بیچ لوں گا مگر انہوں نے نہ مانا آخر واپس لے لئے گئے اس پر سنار نے کہا کہ اچھا میں اس شرط پر کاٹوں گا کہ ان کی قیمت اتنی کم کر دو۔ یہ بات انہوں نے فوراً مان لی اور بہت تھوڑی رقم معاوضہ میں لے لی مگر ایک ایک روپیہ کٹوا کر چھوڑا حالانکہ عام لوگ اول تو کھوٹا روپیہ خود ہی کوشش کر کے چلا دیتے ہیں اگر یہ نہ ہو سکے تو کسی ہوشیار آدمی کی معرفت اس کو بازار میں چلوا دیتے ہیں یا دلالوں کے ہاتھ کچھ کم قیمت پر بیچ دیتے ہیں کہ آگے وہ اسے چلا لیں اور بعض ظالم تو جیب میں یا دوکان میں ایسے کھوٹے روپے تیار رکھتے ہیں جب کوئی سادہ طبع دیہاتی سودا خریدنے آ جاتا ہے تو اس کا اچھا روپیہ لے کر چالاکی سے فوراً اپنا خراب روپیہ اسے دے کر کہتے ہیں کہ بھائی صاحب یہ آپ کا روپیہ ٹھیک نہیں اسے بدل دیجئے۔غرض یہ فرق ہے متقی اور غیر متقی میں ایک ان میں سے (نعوذ باللہ) خدا کو اندھا سمجھتا ہے اور دوسرا اسے بینا یقین کرتا ہے پس کیا تم یقین کر سکتے ہو کہ خدا کو اندھا سمجھنے والا اس کی ذات سے کوئی روحانی فیضان حاصل کر سکتا ہے؟

تیسری مثال

ایک شخص کو ڈاک میں ایک خط ملا اتفاقاً اس کے ٹکٹ پر مہر لگانا یا تو ڈاک خانہ والا ہی بھول گیا یا لگائی تو کوئی نقش مہر کا نمودار نہ ہوا غرض ٹکٹ بالکل کورا رہا اس شخص کے لڑکے نے وہ ٹکٹ اتار کر اس سے کہا کہ ابا جان یہ دیکھئے ٹکٹ پھر استعمال ہو سکتا ہے اس نے لڑکے سے ٹکٹ لے کر پھاڑ کر پھینک دیا کہ اب ہمارے لئے اس ٹکٹ کا دوبارہ استعمال ناجائز ہے کوئی غیر متقی ہوتا تو اس ٹکٹ کا استعمال نہ صرف جائز سمجھتا بلکہ اپنی ایسی ہوشیاری کو فخریہ بیان کرتا۔

چوتھی مثال

ایک احمدی دوست تھرڈ کلاس میں سفر کر رہے تھے راستہ میں ان کے ملنے والے ریل میں مل گئے جو سیکنڈ کلاس میں تھے انہوں نے ان کو بلا لیا اور ایک دو سٹیشن تک وہ ان کے ساتھ ہی سیکنڈ کلاس میں سوار چلے گئے پھر اپنے ڈبہ میں آ گئے سفر ختم ہوا اور وہ صاحب ٹکٹ دے کر باہر چلے گئے گھر آ کر اور حساب کر کے انہوں نے وہ رقم جو ان دو سٹیشنوں کے درمیان سیکنڈ اور تھرڈ کے کرایہ کا فرق تھا ایجنٹ این ڈبلیو آر کے نام بھیج دی اور لکھ دیا کہ ایک ضرورت کی وجہ سے میں نے اپنے سفر میں دو سٹیشن تک سیکنڈ کلاس میں سفر کر لیا تھا یہ اس کا کرایہ ارسال ہے۔ یاد رکھنا چاہئے کہ تھرڈ کلاس کے مسافر کو 25 سیر سے زیادہ وزن ارادۃً بغیر تلوائے اور کرایہ ادا کئے ریل میں لے جانا اور بغیر اجازت سٹیشن ماسٹر کے یا پلیٹ فارم کے ٹکٹ خریدنے کے سوا چالاکی سے اندر پہنچ جانا اور ہوشیاری کے ساتھ سٹیشن کی دوسری طرف سے باہر نکل جانا ایسے افعال ہیں جن سے ایک متقی شرماتا ہے۔

محسن حقیقی کو پسند آنے والی ادائیں

ممکن ہے کہ بعض لوگ ان سطور کو پڑھ کر ہنس دیں کہ یہ تو معمولی اور عامیانہ باتیں ہیں مگر یاد رکھنا چاہئے کہ یہی وہ ادائیں ہیں جن کو محسن اصلی پسند فرماتا ہے اور یہی وہ تقویٰ کی آن ہے جس کی وجہ سے بڑے بڑے انعام اس قدردان حقیقی کی درگاہ سے عطا ہوتے ہیں اور یہی وہ کیفیت ہے جس کا نتیجہ کبھی بھی نقصان کی شکل میں ظاہر نہیں ہوتا بلکہ ایسا انسان دین اور دنیا دونوں میں ہمیشہ فائدہ میں رہتا ہے کیونکہ تقویٰ کا نتیجہ نہ صرف آخرت میں مغفرت اور جنت ہے بلکہ دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ نے متقی کو علم و معرفت مصائب سے نجات اور غیبی رزق کا وعدہ فرمایا ہے جیسا کہ اس نے خود ہی کہا ہے کہ

دیکھو میں ذرا سے باریک تقویٰ پر ایک عظیم الشان اجر ملنے کا نظارہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں وہ یہ کہ حضرت مسیح موعود نے ایک دفعہ بعض لوگوں کے اصرار پر مولوی محمد حسین بٹالوی سے کسی اخلاقی مسئلہ میں مباحثہ کا ارادہ کیا لیکن بحث سے پہلے جب ان کے متعلقہ عقائد تفصیل سے سنے تو فرمایا کہ مولوی صاحب کی تقریر میں کوئی ایسی زیادتی نہیں کہ قابل اعتراض ہو اور خالصتہً للہ اس بحث کو ترک کر دیا نتیجہ یہ ہوا کہ اسی رات خداوند کریم نے اپنے الہام میں اس ترک بحث کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ

"تیرا خدا تیرے اس فعل سے راضی ہوا۔ اور وہ تجھے بہت برکت دے گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔"

خلاصہ کلام یہ کہ ناظرین کے لئے یہ صرف چند نمونے بیان کئے گئے ہیں لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہر ارادہ اور ہر عمل کے وقت تقویٰ اور غیر تقویٰ کی بحث آ پڑتی ہے اور انسان کو اپنے ہر حرکت اور سکون پر نگاہ رکھنی پڑتی ہے تب ایسا ہوتا ہے کہ اس کی زندگی پر ایک تغیر آ جاتا ہے۔ اور وہ ایک نئی زندگی اپنے اندر محسوس کرتا ہے اور اس کا پرانا وجود مر کر ایک نیا وجود اس کی جگہ قائم ہو جاتا ہے اور یہی تقویٰ کا مقصد ہے۔

(روزنامہ الفضل 19 جون 1961ء)

تعارف کتب

حالات زندگی

حاجی محمد ابراہیم صاحب

نام کتاب: حالات زندگی حاجی محمد ابراہیم صاحب
صفحات: 175 مصنف۔ پروفیسر محمد خالد گورایہ پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ

نوجوان نسل کی تربیت اور ان میں خدمت دین کا جذبہ پیدا کرنے کیلئے ضروری ہے کہ اپنے خاندان کے بزرگوں اور آباء واجداد کی نیکیوں اور ان کی زندگی کے ایمان افروز واقعات اور دین کی خاطر ان کی قربانیوں کو زندہ رکھا جائے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

میں نے افریقہ کے دورے میں ایک یہ ہدایت کی تھی کہ اپنے بزرگوں کی نیکیوں اور احسانات کو یاد رکھ کر ان کیلئے دعائیں کرنا یہ ایک ایسا اچھا خلق ہے کہ اس خلق کو ہمیں اجتماعی طور پر نہیں بلکہ ہر گھر میں رائج کرنا چاہئے ان کے حالات زندگی کو زندہ رکھنا ہمارا فرض ہے ورنہ تم زندہ نہیں رہ سکو گے (۔) اس لئے ہر خاندان کو اپنے بزرگوں کی تاریخ کو اکٹھا کرنے کی طرف متوجہ ہونا چاہئے ان کی بڑائی کے شائع کرنے کی خاطر نہیں بلکہ اپنے آپ کو بڑائی عطا کرنے کیلئے۔ ان کی مثالوں کو زندہ کرنے کے لئے ان کے واقعات کو محفوظ کریں اور پھر اپنی نسلوں کو بتایا کریں کہ یہ وہ لوگ ہیں جو تمہارے آباء واجداد تھے اور کس طرح وہ لوگ دین کی خدمت کیا کرتے تھے۔ بعض ایسے بھی ہوں گے جن کو یہ استطاعت ہوگی کہ وہ ان واقعات کو کتابی صورت میں چھپوا دیں۔ میں امید کرتا ہوں اگر اس نسل میں ایسے ذکر زندہ ہوں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کے ذکر کو بھی بلند کرے گا اور آپ یاد رکھیں گے کہ اگلی نسلیں اس طرح پیار اور محبت سے اپنے سر آپ کے احسان کے سامنے جھکاتے ہوئے آپ کا مقدس ذکر کیا کریں گی اور آپ کی نیکیوں کو ہمیشہ زندہ رکھیں گی۔

حضور انور کے مندرجہ بالا ارشاد کی تعمیل میں مصنف کتاب زیر تبصرہ نے اپنے والد محترم حاجی محمد ابراہیم صاحب آف بوپڑہ خورد ضلع گوجرانوالہ کے حالات زندگی جمع کئے ہیں جس میں آپ کا خاندانی تعارف، شجرہ نسب، قبول احمدیت کا ایمان افروز واقعہ، مخالفت اور صبر و استقامت، فہم و فراست اور دلنشیں انداز بیان، تقویٰ وطہارت کے چند واقعات، جھوٹ سے نفرت، توکل علی اللہ، قبولیت دعا، نیک اور باعمل داعی الی اللہ، درویشانہ زندگی اور عبادت الٰہی نیز دیگر بہت سے دلچسپ واقعات کو بیان کیا ہے۔ علاوہ ازیں حاجی صاحب کے بارہ میں روزنامہ الفضل میں شائع ہونے والے مضامین کو بھی شامل اشاعت کیا گیا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مصنف کی اس محنت کو شرف قبولیت عطا فرماتے ہوئے محترم حاجی محمد ابراہیم صاحب کے درجات بلند فرمائے۔

(ع۔س۔خ)

مرسلہ: عطاء المنعم بھٹی صاحب

احمدیوں کو صفائی کا خاص اہتمام کرنا چاہئے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ مورخہ 23 اپریل 2004ء میں فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کو پاکیزگی اور صفائی پسند ہے اور اللہ تعالیٰ پاک صاف رہنے والوں سے محبت کرتا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے۔(۔) (سورۃ البقرہ آیت: 223) لیکن یہ بات واضح ہونی چاہئے جیسا کہ اس آیت میں فرمایا ہے کہ اصل اللہ تعالیٰ کا محبوب انسان اس وقت بنتا ہے جب توبہ واستغفار سے اپنی باطنی صفائی کا بھی ظاہری صفائی کے ساتھ اہتمام کرے۔ ہم میں سے ہر احمدی کا فرض بنتا ہے کہ ایمان کا دعویٰ کرنے کے بعد ہم اپنی ظاہری و باطنی صفائی کی طرف خاص توجہ دیں تا کہ ہماری روح و جسم ایک طرح سے اللہ تعالیٰ کی محبت کو جذب کرنے والے ہوں۔

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اَلطُّھُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ یعنی طہارت پاکیزگی اور صاف ستھرا رہنا ایمان کا ایک حصہ ہے"۔

(مسلم کتاب الطھارۃ باب فضل الوضوء)

ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پاکیزگی اختیار کرنا نصف ایمان ہے۔

(المعجم الکبیر جلد 3 صفحہ 284)

اب دیکھیں مومن کے لئے صفائی کا خیال رکھنا کتنا ضروری ہے، اور یہ احادیث اکثر .... کو یاد ہیں، کبھی ذکر ہو تو آپ کو فوراً حوالہ بھی دے دیں گے۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ اس پر عمل کس حد تک ہے؟ یہ دیکھنے والی چیز ہے، اگر ایک جگہ صفائی کرتے ہیں تو دوسری جگہ گند ڈال دیتے ہیں اور بدقسمتی سے .... میں جس شدت سے صفائی کا احساس ہونا چاہئے وہ نہیں ہے اور اسی طرح اپنے اپنے ماحول میں احمدیوں میں بھی جو صفائی کے اعلیٰ معیار ہونے چاہئیں وہ مجموعی طور پر نہیں ہیں۔ بجائے ماحول پر اپنا اثر ڈالنے کے ماحول کے زیر اثر آ جاتے ہیں۔ پاکستان اور تیسری دنیا کے ممالک میں اکثر جہاں گھر کا کوڑا کرکٹ اٹھانے کا کوئی باقاعدہ انتظام نہیں ہے، گھر سے باہر گند پھینک دیتے ہیں حالانکہ ماحول کو صاف رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا اپنے گھر کو صاف رکھنا۔ ورنہ تو پھر اس گند کو باہر پھینک کر ماحول کو گندا کر رہے ہوں گے اور ماحول میں بیماریاں پیدا کرنے کا باعث بن رہے ہوں گے۔ اس لئے احمدیوں کو خاص طور پر اس طرف توجہ دینی چاہئے۔ کوئی ایسا انتظام کرنا چاہئے کہ گھروں کے باہر گند نظر نہ آئے۔ ربوہ میں جہاں تقریباً 98 فیصد احمدی آبادی ہے، ایک صاف ستھرا ماحول نظر آنا چاہئے............۔ اب ماشاء اللہ تزئین ربوہ کمیٹی کی طرف سے کافی کوشش کی گئی ہے۔ ربوہ کو سرسبز بنایا جائے اور بنا بھی رہے ہیں۔ کافی پودے، درخت گھاس وغیرہ سڑکوں کے کنارے لگائے گئے ہیں اور نظر بھی آتے ہیں۔ اکثر آنے والے ذکر کرتے ہیں۔ اور کافی تعریف کرتے ہیں۔ کافی سبزہ ربوہ میں نظر آتا ہے۔ لیکن اگر شہر کے لوگوں میں یہ حس پیدا نہ ہوئی کہ ہم نے نہ صرف ان پودوں کی حفاظت کرنی ہے بلکہ اردگرد کے ماحول کو بھی صاف رکھنا ہے تو پھر ایک طرف تو سبزہ نظر آ رہا ہوگا اور دوسری طرف کوڑے کے ڈھیروں سے بدبو کے بھبھاکے اٹھ رہے ہوں گے۔ اس لئے اہل ربوہ خاص توجہ دیتے ہوئے اپنے گھروں کے سامنے نالیوں کی صفائی کا بھی اہتمام کریں اور گھروں کے ماحول میں بھی کوڑا کرکٹ سے جگہ کو صاف کرنے کا بھی انتظام کریں۔ تا کہ کبھی کسی راہ چلنے والے کو اس طرح نہ چلنا پڑے کہ گند سے بچنے کے لئے سنبھال سنبھال کر قدم رکھ رہا ہو اور ناک پر رومال ہو کہ بو آ رہی ہے۔

(روزنامہ الفضل 20 جولائی 2004ء)

سمندروں کے درمیان روک

سمندروں کی ایک خاصیت جو حال ہی میں دریافت ہوئی ہے اس کا ذکر قرآن کی ایک آیت میں کچھ اس طرح آیا ہے۔

"وہ دو سمندروں کو ملا دے گا جو بڑھ بڑھ کر ایک دوسرے سے ملیں گے سردست ان کے درمیان ایک روک ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کر سکتے۔

(الرحمان: 55)

ماہرین بحریات نے سمندروں کی اس خاصیت (کہ وہ ایک دوسرے کے قریب آ جاتے ہیں مگر آپس میں ملتے نہیں) کے بارے میں حال ہی میں دریافت کیا ہے۔ ایک طبعی طاقت جو "سطحی تناؤ (Surface Tension)" کہلاتی ہے کی وجہ سے قریبی سمندروں کے پانی کی باہم آمیزش نہیں ہوتی۔ ان کے پانیوں کی کثافت میں فرق کی وجہ سے سطحی تناؤ ان کو آپس میں ملنے نہیں دیتا گویا ان کے درمیان ایک دیوار تان دی گئی ہو۔

یہاں دلچسپ پہلو یہ ہے کہ ایک ایسے دور میں جب لوگوں کو طبیعات یا سطحی تناؤ یا سمندری علوم کے بارے میں کچھ معلومات نہ تھیں۔ اس حقیقت کو قرآن میں ظاہر کر دیا گیا تھا۔

مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت تعمیر ہونے والی عمارت

نورالعین ۔ دائرۃ الخدمۃ الانسانیہ کا تعارف

اغراض و مقاصد

☆نورالعین مرکز عطیہ خون ایسا فلاحی ادارہ ہے جو دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت بنایا گیا ہے جہاں ہر ضرورت مند کو خون اور ان کے اجزاء ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن W.H.O کے معیار کے مطابق اسکریننگ شدہ صاف اور صحت مند فراہم کئے جاتے ہیں۔

اس کے ساتھ نور آئی ڈونرز ایسوی ایشن و آئی بنک کے دفاتر اور ایک آئی ہسپتال بھی بنایا گیا ہے۔

☆یہاں پر تھیلیسیمیا و ہیموفلیا کے مریضوں کا فری علاج و ٹرانسفیوژن کی سہولت ہے۔

☆یہ ادارہ خون اور خون سے بنے اجزاء کی کوالٹی کا خاص خیال رکھتا ہے اور پروفیشنل بلڈ بینکنگ کا خاتمہ کرے گا۔

عمارت

نورالعین مرکز عطیہ خون و آئی بنک کی عمارت 6000 مربع گز پر مشتمل تین منزلہ عمارت ہے جسے پلاننگ کے تحت بنایا گیا ہے۔ گلابی رنگ کی یہ خوبصورت عمارت دور سے اپنے آپ کو نمایاں کرتی ہے۔

عمارت نورالعین میں ایک سیمینار ہال موجود ہے جو کہ Multimedia سے آراستہ ہے اور ہر طرح کے سیمینار اور کانفرنس کے لئے نہایت موزوں ہے۔

انتظار گاہ

بلڈ ڈونرز اور مریضوں کے لواحقین کے لئے ایک کشادہ انتظار گاہ موجود ہے۔

سٹاف

یہاں پر تجربہ کار بلڈ بنک سٹاف موجود ہے جو اپنی فیلڈ میں وسیع تجربہ رکھتا ہے۔

استقبالیہ

مرکز عطیہ خون کا سٹاف لوگوں کو چوبیس گھنٹے انفارمیشن و خون فراہم کرتا ہے۔ یہاں تمام نظام کمپیوٹرائزڈ ہے۔

بلڈ ڈونرز رجسٹریشن ایریا

یہاں پر تجربہ کار ڈاکٹرز کے زیر نگرانی بلڈ ڈونر کا انتخاب کیا جاتا ہے جس میں کلینیکل چیک اپ، ایک سوال نامہ پر کرنا اور ہیموگلوبن، SGPT ٹیسٹ کرنا شامل ہے۔ کچھ کو وقتی بخار وغیرہ اور کچھ کو ہمیشہ کے لئے مثلاً Reactive Hepatitis B یا Reactive Hepatitis C یا HIV پازیٹو ہونے کی صورت میں مسترد کیا جاتا ہے اور صرف صحت مند آدمی کا خون لیا جاتا ہے۔

بلڈ ڈونرز ایریا

یہاں پر خون کا عطیہ دینے والے حضرات پر سکون ماحول میں Automatic blood bag shaker کی مشین پر خون کی خاص مقدار 450ml چھ سے آٹھ منٹ کے وقت میں اپنا قیمتی خون انسانی جان بچانے کے لئے عطیہ کے طور پر دیتے ہیں۔ خون دینے کے بعد ڈونر کو ریفریشمنٹ فراہم کی جاتی ہے اور شکریہ کے ساتھ بلڈ ڈونر کو رخصت کیا جاتا ہے۔

یہاں پر ایمرجنسی سے نمٹنے کے لئے ضروری بندوبست و ادویات موجود ہیں۔

لیبارٹری

مرکز عطیہ خون کی لیبارٹری میں تمام اعلیٰ قسموں کی مشینیں موجود ہیں جن میں سے چند کا ذکر درج ذیل ہے۔

1-Microlab 300
2- Nikon Microscope Japan
3- Optima Water Bath (Japan)
4- Heraus Table Top Centrifuge
5- Binder Oven, Incubater (Germany)
6- Helmer Blood Bank Refrigerator (USA)
7- Helmer Platelets Agitator (USA)
8- Jouan Plasma Freezer (France)
9- Jouan Refrigerated centrifuge (for Fraction) (Fracnce)

بلڈ سٹوریج ایریا

نورالعین مرکز عطیہ خون میں Helmer USA کمپنی کا بلڈ بنک ریفریجریٹر موجود ہے جس کی گنجائش چھ سو بلڈ بیگز پر مبنی ہے اور یہ خون کو ایک خاص درجہ حرارت (2c-6c) پر 35 دن تک کے لئے محفوظ کرتا ہے۔

Platelets کو تین دن سے پانچ دن تک صحیح حالت میں رکھنے کے لئے Helmer USA کا Platelet Agitator موجود ہے۔

FFP کو اسٹور کرنے کے لئے اور صحیح حالت میں رکھنے کے لئے Jouan France کا بلڈ بنک Plasma Freezer موجود ہے جس میں ہم (-60c,-80c) کے درمیان رکھ کر پلازمہ کو ایک سال کے لئے محفوظ کر سکتے ہیں۔

بلڈ سکریننگ

پاکستان میں بلڈ مہیا کرنے سے پہلے جن بیماریوں کا ٹیسٹ ضروری قرار دیا گیا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

☆Hepatitis B
☆ Hepatitis C
☆ HIV (AIDS)
☆ VDRL (Syphilis)
☆ Malaria

نورالعین مرکز عطیہ خون و بلڈ بنک میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ تمام ٹیسٹ بہترین مشینوں پر Individual Basis پر کئے جاتے ہیں۔ جن سے کمزور جراثیموں کو بھی پکڑ لیا جاتا ہے۔ پہلے سکریننگ کی جاتی ہے پھر اس کے بعد Elisa Method سے Confirm کر کے بلڈ ایشو کیا جاتا ہے۔ Reactive ڈونرز کو مطلع کیا جاتا ہے پھر ان کے علاج و بچاؤ کے لئے Counselling کی جاتی ہے۔

چوبیس گھنٹے مہیا کی جانے والی خدمات

☆ Whole Blood مکمل خون
☆Packed Red Cells
☆ Washed Packed Red Cells
☆ FFP (Fresh Frozen Plasma)
☆Platelet
☆Cryoprecipitate (CP)

ایمبولینس سروس

کسی ایمرجنسی کے لئے نورالعین مرکز عطیہ خون کی ایمبولینس ہر وقت تیار رہتی ہے۔

گندے خون کو ختم کرنا

Expired یا Reactive Blood Blood سٹینڈرڈ طریق کار کے مطابق ضائع کرنے کے لئے انتظام کیا گیا ہے۔

بلڈ کلیکشن

نورالعین مرکز عطیہ خون والنٹیئر بلڈ ڈونیشن اور Exchange (متبادل) کی بنیاد پر خون کا عطیہ جمع کرتا ہے۔

تعارف پروڈکٹس

سٹورڈ ہول بلڈ

(Stored whole blood)

ایک یونٹ بلڈ بیگ میں 450ml بلڈ ہوتا ہے۔ اس میں Anticoagulant 63ml Preservative علیحدہ سے شامل ہوتا ہے۔

بنیادی طور پر اگر آپ کسی ایسے مریض کا علاج کر رہے ہیں جس کا خون بہت تیزی سے بہہ رہا ہے اور ایسے مریض کا خون اس کے ٹوٹل حجم میں سے 30% خون ضائع ہو گیا ہے تو ایسا مریض Hemorrhagic Shock میں جا سکتا ہے۔ اس لئے ایسے مریض کی Oxygen Carrying Capacity اور Blood Volume Expansion کو پورا کرنے کے لئے سٹورڈ ہول بلڈ لگایا جا سکتا ہے۔

فریش بلڈ

(Less than 24 hrs)

پہلے یہ خیال کیا جاتا تھا کہ فریش بلڈ زیادہ مفید ہے لیکن یہ بالکل غلط خیال ہے اور اس کی بھرپور حوصلہ شکنی کرنی چاہئے کیونکہ بلڈ ڈونرز کو مختلف ٹیسٹوں سے گزرنا پڑتا ہے۔

1-Typing for ABO and Rh Antigens
2- Cross Matching
3- Hepatitis B, C and HIV Screening by Elisa
4- Testing for others disease markers

یہ سارے ٹیسٹ بڑی مشکل سے چوبیس گھنٹوں

میں مکمل ہوتے ہیں بغیر ٹیسٹوں کے بلڈ ایشو کرنا مریض کی زندگی سے کھیلنے کے مترادف ہے۔
Coagulation یا Platelets factors کی کمی کی وجہ سے فریش بلڈ نہیں لگوانا چاہئے کیونکہ ایک یونٹ بلڈ میں Platelets یا Coagulation Factors اتنی تعداد میں نہیں ہوتے کہ اس کی کمی پوری ہو جائے۔
اگر سہولت ہو تو Platelets کی کمی پوری کرنے کے لئے Platelets Concentrate ہی لگوائیں اور Coagulation کی کمی کے لئے FFP یا CP لگوائیں۔
Relatively Fresh Blood (72 گھنٹے سے کم سٹورڈ بلڈ)
Intrauterine Blood یہ Transfusion کے لئے استعمال ہو سکتا ہے۔

سات دنوں سے کم سٹورڈ بلڈ

درج ذیل صورتوں میں استعمال ہو سکتا ہے۔
1۔نوزائیدہ بچوں میں ایکسچینج ٹرانسفیوژن (اگر ضرورت ہو تو)
2۔گردوں اور جگر کی جان لیوا بیماریاں

14 دنوں سے کم سٹورڈ بلڈ

یہ خون وہاں استعمال کریں جہاں بہت زیادہ ٹرانسفیوژن کی ضرورت ہو۔

احتیاطیں

1- Whole Blood میں تقریباً 200-250ml پلازمہ ہوتا ہے جو کہ ایسے مریض کے لئے بالکل غیر ضروری ہے جس کو خون کی کمی (Anemia) تو ہے مگر ساتھ ساتھ Cardiac Failure کی بیماری بھی ہے۔اس لئے غیر ضروری Volume لوڈ سے بچنا چاہئے ایسے مریض کو صرف Red Packed Cells دیں۔
2۔ بلڈ ٹرانسفیوژن کے دوران کوئی ری ایکشن (Hemolytic Transfusion Reaction) ہو سکتا ہے۔
3۔خون کے ذریعے بیماری کا منتقل ہونا۔مثلاً وائرل بیماریوں EBV,CMV میں خون کے جو سفید سیل ہیں ان کے ساتھ چمٹ کر وائرس منتقل ہو جاتے ہیں اس لئے کوشش کریں ہول بلڈ کی بجائے Packed Red Cells لگوائیں۔
4۔ٹرانسفیوژن کے دوران الرجی اور بخار کا ہونا۔
5۔ وائٹ سیل (Leuckocytes) پلازمہ Platelets سے حساسیت کا بڑھنا۔
6۔ Citrate کے زہریلے اثرات کا پیدا ہونا جب بہت زیادہ خون ٹرانسفیوژ کر دیا گیا ہو۔مثلاً مختلف مسئلوں کے لئے Exchange Transfusion

7- RH+ve Blood کسی قسم کی غلطی کی وجہ سے Rh-ve Blood کو ٹرانسفیوژ ہو جائے تو ایسے مریض کی جان کو بچانے کے لئے اور Reaction کو روکنے کے لئے فوری طور پر اس کا علاج Rh Immunoglobulin سے شروع کر دینا چاہئے۔ہر Rh+ve 15ml سیل کی حساسیت ختم کرنے کے لئے ایک vial (RhIG) چاہئے۔اس طرح تقریباً ایک یونٹ بلڈ جو کہ ٹرانسفیوژ ہو چکا ہو اس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے تقریباً RhIG کی 15-20 vials درکار ہوتی ہیں۔

پیکڈ سرخ ذرات

Packed Red Cells

مشین کے ذریعے ہول بلڈ سے 200 سے 250ml پلازمہ جب علیحدہ کر لیا جاتا ہے تو باقی سرخ ذرات (Red Cells) بچتے ہیں ان سرخ ذرات کو Packed Red Cells کہتے ہیں۔ان کو 2c-6c ڈگری ٹمپریچر کے درمیان بلڈ بنک ریفریجریٹر میں رکھا جاتا ہے۔

استعمال

اگر کسی مریض میں Hb % کم ہونے کی وجہ سے اس کی Oxygen Carrying Capacity کم ہو رہی ہو تو اس کی یہ کمی Packed Red Cells سے پوری کی جا سکتی ہے۔مثلاً Anemia in Thalassaemia
اگر ساتھ ساتھ Volume Expansion کو بڑھانے کی بھی ضرورت ہے تو Whole blood لگوائیں نہ کہ Red Packed Cells۔
سرخ ذرات میں Sterile Saline ملا کر مشین کے ذریعے واش کر دیتے ہیں اس طرح 85 % سفید ذرات (WBC)، زیادہ تر Platelete اور پلازمہ پروٹین واش ہو کر سیلائن کے ساتھ نکل جاتی ہے۔ہم خون کو شیلف لائف کے دوران کسی بھی وقت واش کر سکتے ہیں۔لیکن 2c-6c ڈگری سنٹی گریڈ ٹمپریچر پر چوبیس گھنٹے تک رکھ سکتے ہیں۔چوبیس گھنٹے کے اندر ٹرانسفیوژ کرنا پڑتا ہے۔
1۔کسی مریض کو اس کی حساسیت بڑھنے کی وجہ سے RBCs یا Whole Blood ٹرانسفیوژ کرنے کی وجہ سے بار بار Reaction ہوتا ہے۔
2۔نوزائیدہ بچے،حاملہ عورتوں کو (Intrauterine) ٹرانسفیوژن کرنی ہو تو
☆Patient with paroxysmal nocturnal hemoglobinurea
☆IgA deficient patients who have developed anti IgA antibodies

Platelet Concentra tes

Platetes سینٹری فیوج مشین کے ذریعے Platelet Rich Plasma سے الگ کئے جاتے ہیں۔اس کو تین سے پانچ دن تک محفوظ رکھنے کے لئے ایک مشین Platelet Agitator پر رکھتے ہیں۔روم ٹمپریچر بیس سے چوبیس ڈگری سنٹی گریڈ تک ہونا چاہئے۔

استعمال

☆ Platelet کی کمی ہو (Thrombocytopenia)
☆ہڈی گودے کا نارمل نہ ہونا (Bone marrow failure)
☆ بعض ایسے بلڈ کینسر کے مریض جن میں Platelet کی کمی مخصوص ادویات سے یا Radiotherapy سے ہو جاتی ہے۔
☆A Plastic anemia
☆ ITP (Idiopathic Thrombocytopenic Purpura)

فریش فروزن پلازمہ

(FFP)

ایک یونٹ بلڈ کا پانی والا حصہ ہے جس کو سینٹری فیوج مشین سے علیحدہ کر لیا جاتا ہے اس کی مقدار ایک یونٹ بلڈ بیگ میں 200 سے 250ml ہوتی ہے۔ FFP میں سارے Coagulation Factors ہوتے ہیں۔ FFP کو پلازمہ فریزر میں 20c- سے 80c- کے درمیان رکھ کر ایک سال کے لئے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

استعمال

☆Coagulation Factors کی کمی جیسے کہ ہیموفلیا وغیرہ
☆Warfarin effects
☆DIC
☆ TTP (Thrombotic thrombocytopenic purpura)
☆جگر کی بیماریاں
☆جس مریض میں ٹرانسفیوژن کی بہت زیادہ ضرورت ہو
☆بائی پاس سرجری

Cryoprecipitate

